سوال

(110)صدقہ فطراور قربانی کے چمڑے یا زکوۃ کے مال مسجد پر خرچ کر سکتے ہیں یا نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

صدقہ فطراور قربانی کے چمڑے یا زکوۃ کے مال مسجد پر خرچ کر سکتے ہیں یا نہیں، مثلاً لیپنا تھوپنا، اس میں روشنی کرنا اوراطراف مسجد کی دیواروں کی مرمت کرنا وغیرہ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جواب : ...چرم قربانی کی قیمت اور صدقہ فطر مسجد کی تعمیر یا اس کی اصلاح و مرمت میں صرف کرنا جائز نہیں ہے، چرم قربانی کا مصرف فقراء ومساکین ہیں (بخاری وغیرہ) البتہ قربانی کرنے والا چمڑے سے بغیر فروخت کیے ہوئے فائدہ اٹھا سکتا ہے، صدقہ فطر اور زکوۃ کے مصارف ایک ہیں، جو قرآن کریم کی آیت ۶۱ سورہ ۹ میں بالتفصیل مذکور ہیں، اور مسجد زکوۃ کے مصارف ثمانیہ میں سے نہیں ہے۔ (عبید اللہ رحمانی دہلوی، محدث دہلی جد نمبر۸، ش نمبر ۱۲)

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02